12285- سودی بنک ملازم کے پیچھے نماز ادا کرنا

سوال

کیا ہمارے لیے سودی کاروبار کرنے والے بنک ملازم کے پیچھے نماز ادا کرنا جائز ہے ؟

پسندیدہ جواب

اس طرح کا سوال مستقل فتوی کمیٹی سے کیا گیا تو کمیٹی کا جواب تھا :

سودی بنک میں ملازمت کرنا حرام ہے ، اوراس کا مرتکب شخص اللہ تعالی کا نافرمان ہے ، لیکن اس کے پیچھے نماز ادا کرنا صحیح ہے ، کیونکہ وہ مسلمان ہے علماء کرام کے صحیح قول کے مطابق اگراس نے نماز کی شروط پوری کی ہوں اور جو کچھ اللہ تعالی نے نماز میں فرض کیا ہے اسے پورا کیا ہو تو فی نفسہ اس کی نماز صحیح ہے .

اوراگراس کے علاوہ کسی نیک وصالح اور متقی شخص کے پیچھے نماز ادا کرنا میسر ہو تو یہ زیادہ بہتر اوراولی ہے .

اللہ اعلم .